سوال

(308)پیشاب کے بعد خارج ہونے والا سفید مادہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب میں بیت الخلاء میں جاتا ہوں توپیشاب کے آخر میں محسوس کرتا ہوں کہ کچھ مادہ منویہ خارج ہوا ہے لیکن معلوم نہیں کہ ہر مرتبہ پیشاب کے بعد غسل کروں یا کیا کروں ؟ کیونکہ مجھے شک ہے کہ اس کا حکم مباشرت کا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ منی جوپیشاب کے بعد خارج ہوتی ہے۔ یہ ودی کے نام سے مشہور ہے یہ چونکہ پیشاب کے بعد خارج ہوتی ہے اور بہہ کر نکلتی ہے ۔ اس لیۓ یہ موجب غسل نہیں بلکہ ناقض وضوء ہے لہذااس کے خارج ہونے سے آلہ تناسل کو دھونا اور وضوکرنا لازم ہوگا ۔ غسل کرنا لازم نہ ہوگا ۔ غسل اس وقت لازم ہوتا ہے جب منی دفق اور لذت کے ساتھ خارج ہو دفق کے معنی ہیں خوب زوراچھل کر نکلنا لہذا منی اگر پیشاب کی صورت میں بہہ کیاقطروں کی صورت میں خارج ہو تو اس طرح خارج ہونا نقصان دہ نہیں ہے ۔ (شیخ ابن جبرین)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر305

محدث فتویٰ